Rising Stars
Reading Planet

# اپنے بچے کے ساتھ پڑھنے کے لئے رہنمائی

گھر پر مطالعے سے زیادہ فائدہ اٹھانے کیلئے آپ کے بچے کی مدد کے طریقے

- تلفظ سے متعلق کتاب کو الگ
- الگ درجے میں رکھنے کی وضاحت
- سمجھ میں اضافہ کے سلسلے میں مختلف خیالات

یہ عنوان *Reading Planet - Reading with your Child کے لئے رہنمائی (10 کا پیک) ہے*، ISBN:
978-1-47188-857-1
متن، ڈیزائن اور خاکہ 2016 © رائزنگ اسٹارز یوکے لمیٹڈ

پہلی مرتبہ 2016 میں رائزنگ اسٹارز یوکے لمیٹڈ کے ذریعہ شائع کیا گیا جو کہ ہوڈر ایجوکیشن گروپ کا حصّہ ہے ہیشیٹ یو کے کمپنی
کارمیلائٹ ہاؤس 50 وکٹوریا ایمبینک مینٹ لندن EC4Y 0DZ
www.risingstars-uk.com
تمام حقائق اشاعت کے وقت تک کے لئے درست ہیں۔

مصنف: ابیگیل اسٹیل
ناشر: ہیلن پارکر
کمیشننگ ایڈیٹر: امیلی پیتھر
السٹریٹر: ڈیوڈ ارومی/ اسٹاؤنڈ ڈیوڈ ارومی/ اسٹاؤنڈ
تعلیمی صلاحکار: پروفیسر کلیئر ووڈ، کووینٹری یونیورسٹی
پراجیکٹ مینیجر: سیو والٹن
ٹائپ سیٹنگ: اسٹیو ایونز
اداریہ: لوئیس جیکلن، آڈری اسٹوکس، کرسٹن ٹیلر
پروف خواں: جین کار

جملہ حقوق محفوظ ہیں. برطانیہ کاپی رائٹ کے قانون کے تحت اجازت شدہ کسی بھی استعمال کے علاوہ، اس اشاعت کے کسی بھی حصہ کو ناشر کی تحریری اجازت کے بغیر یا کاپی رائٹ لائسنسنگ ایجنسی لمیٹڈ کے اجازت نامہ کے بغیر باز تخلیق کرنا یا نقل بنانا، برقی یا میکانیکی کسی بھی صورت میں، ممنوع ہے، اس میں فوٹو کاپی اور ریکارڈنگ کرنا، یا کسی ذخیرہ کاری اور دوبارہ حصول کے نظام کے اندر رکھنا شامل ہیں. ایسے لائسنس کی مزید تفصیلات (ریپروگرافک باز تخلیق کے لئے) کاپی رائٹ لائسنسنگ ایجنسی لمیٹڈ، سیفرن ہاؤس، 6-10 کربی اسٹریٹ، لندن EC1N 8TS سے حاصل کی جا سکتی ہیں.

اس بابت ابیگیل اسٹیل کے حقوق کہ انہیں اس کتاب کے مصنف کی حیثیت سے جانا جائے کاپی رائٹ، ڈیزائن اور پیٹنٹ ایک 1998 کے مطابق یقینی بنایا گیا ہے۔

اس کتاب کا British Library Cataloguing-in-Publication Data A CIP ریکارڈ برٹش لائبریری سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔
ہیشیت یوکے [Hachette UK] کی پالیسی ایسے کاغذات کو استعمال کرنا ہے جو کہ قدرتی، قابل تجدید اور دوبارہ استعمال کے قابل بنائے جانے کے قابل مصنوعات ہوں اور انہیں ایسی لکڑیوں سے بنایا گیا ہو جو کہ محفوظ جنگلات میں تیار ہوتی ہیں۔ لاگنگ اور مینوفیکچرنگ کی کارروائیوں کے بارے میں یہ توقع کی جاتی ہے کہ وہ اصل ملک کے ماحولیاتی ضابطوں کے مطابق ہوں گے۔

چین میں طبع شدہ

Rising Stars
Reading Planet

## مشمولات


Reading Planet میں خوش آمدید ! ........ 2
مطالعہ اتنا ضروری کیوں ہے؟ ........ 3
نصاب کو سمجھنا توقعات ........ 4
کتابوں کے بینڈز کیا ہیں؟ ........ 6
اپنے بچے کے ساتھ کیسے پڑھیں ........ 8
بغیر الفاظ کی کتابوں سے نمٹنا ........ 10
صوتیات کو سمجھنا ........ 11
تفریح کے لئے پڑھنے کی حوصلہ افزائی کرنا ........ 12
اپنے بچے کی پڑھائی کے ریکارڈ کو استعمال کرنا ........ 14
کمزور قارئین کی مدد کرنا ........ 15
مسائل کو حل کرنے سے متعلق مفید مشورے ........ 16
مزید پڑھنا ........ 17

# READING PLANET میں خوش آمدید!

یہ رہنمائی آپ تک اس لئے پہنچی ہے کیوں کہ آپ کے بچے نے Reading Planet سیریز کی کتب کا مطالعہ شروع کر دیا ہے۔ ممکن ہے بچوں کی پڑھائی میں مدد کرنے کا آپ کو پہلے سے تجربہ ہو، تاہم یہ رہنمائی آپ کو بعض مفید مشورے اور خیالات فراہم کرے گی، نیز ان سوالوں کے جواب دے گی جو آپ کے پاس اپنے بچے کے مطالعاتی سفر میں ان کے ساتھ رہنے کے دوران ہو سکتے ہیں۔



Reading Planet ماہرین کی ایک ٹیم کے ذریعہ تیار کردہ ایک ولولہ انگیز مطالعاتی اسکیم ہے، جو آپ کے بچے کی مطالعاتی مہارت کو فروغ دینے میں مدد کرے گی اور اس میں عمر بھر مطالعہ کا شوق پیدا گی۔ یہ سیریز بچے کی پڑھائی کے طریقہ سے متعلق تازہ ترین تحقیق اور خاص طور پر "بولی کے آہنگ کی حساسیت" نامی شے پر مبنی ہے، جسے آسان سرگرمیوں کی مدد سے سکھایا جا سکتا ہے۔ ہوسکتا ہے یہ یہ ایک عجیب اصطلاح معلوم ہو، لیکن مطالعہ کرنا سیکھتے وقت بولی اور زبان کے تئیں بچوں کی حساسیت کو سمجھنا واقعی اہم ہے۔

## Reading Planet کے چار تشکیلی عناصر ہیں ...

**Lift-off** – بغیر الفاظ کی کتابیں تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ تمام بچے ضروری ابتدائی زبان کی مہارتوں کو فروغ دیتے ہیں۔

**Rocket Phonics** – دلچسپ کتابیں جو کہ سیاق و سباق کے لحاظ سے صوتیات کی مہارتوں کی مشق کرنے میں بچوں کی مدد کرتی ہیں۔

**COMET STREET KIDS** – کامیٹ اسٹریٹ کے چار دوستوں راو، آشا، ٹیس اور فن، کی زندگیوں کی مہم جو کہانیاں

**Galaxy** – ہر بچے کی دلچسپی برقرار رکھنے کے لئے حوصلہ افزا افسانوی، غیر افسانوی کہانیاں، شاعری اور سوانح۔

# مطالعہ اتنا ضروری کیوں ہے؟

ذیل میں پانچ اسباب دیے جا رہے ہیں کہ اپنے بچوں کو پڑھنا سیکھنے میں مدد کرنا کیوں ضروری ہے:

1 **مطالعہ سے بات چیت کی مہارتیں تعمیر کرنے میں مدد ملتی ہے**

مطالعہ سیکھنے سے آپ کے بچے کی دوسروں کے ساتھ بات چیت اور تعامل کرنے کی صلاحیت پر مثبت اثرات مرتب ہو سکتے ہیں، نیز اس سے بولنے، سننے اور لکھنے کی مہارتوں میں بہتری آئے گی۔

2 **مطالعہ سے تخیل کے دروازے کھلتے ہیں**

مطالعہ تخلیقی اور تخیلاتی دنیا کو کھولنے کا ایک طریقہ ہے۔
نئی دنیا اور نئے تجربات خوشیوں کا باعث ہوتے ہیں جب آپ پڑھنے کے قابل ہو جاتے ہیں۔

3 **مطالعہ سے اسکول میں پیش رفت پر مثبت اثر پڑتا ہے**

مطالعہ آپ کے بچے کی تعلیم میں ایک اہم قدم ہے کیوں کہ اس سے دیگر مضامین کی معلومات کو سمجھنے، معانی کی گہری سمجھ اور تیزی سے ترقی کرنے کی صلاحیت نکھرتی ہے۔

PISA نتائج (OECD, 2011) یہ ظاہر کرتے ہیں کہ 15 سال کی عمر کے بچے جو تفریح کے لئے روزانہ پڑھتے ہیں وہ تعلیم میں ان بچوں سے ڈیڑھ سال آگے ہیں جو روزانہ نہیں پڑھتے ہیں"۔

*تفریح کے لئے مطالعہ: ایک ادبی جائزہ (2016، نیشنل لٹریسی ٹرسٹ)*

4 **مطالعہ سے دماغی صحت اور بہبود میں بہتری آ سکتی ہے**

تفریح کے لئے اکثر مطالعہ کرتے رہنا آپ کے بچے کی بہبود میں اضافہ کر سکتا ہے. آپ کے بچے کی کتاب کے پسندیدہ کردار اکثر اوقات ان کے لئے مثالی نمونہ ہو سکتے ہیں اور آپ کے بچے کو دوسروں کو سمجھنے میں مدد دے سکتی ہے۔ مطالعہ سے، بچے ان مشکلات کے بارے میں جان سکتے ہیں جن سے دوسرے بچے دوچار ہیں اور یہ کہ ان معاملات سے کیسے نمٹنا ہے۔

5 **مطالعہ زندگی کی ایک بنیادی مہارت ہے**

اپنے معاشرے میں، ہم اپنے طور پر اپنے روز مرہ کے کاموں کو انجام دینے کے لئے مطالعہ کے قابل ہونے پر منحصر ہیں۔ بہت سے عملی کاموں کو انجام دینا مطالعہ کی صلاحیت کے بغیر بہت مشکل ہو جائے گا، لہذا ابتدائی عمر میں ہی مطالعہ کی مہارت کو سیکھنا اہم ہے۔

# نصاب کو سمجھنا توقعات

تخیل کی دنیا کو کھولنے کے لئے مطلاعہ ایک بات ہے، تاہم نصاب کے مطالبات کے مطابق کرنے کے لئے آپ کے بچے کا کس قابل ہونا ضروری ہے؟ یہاں ان مہارتوں کا ایک جائزہ پیش کیا جا رہا ہے جن کی تعمیر کرنے میں استاد آپ کے بچے کی مدد کرے گا نیز وہ اہداف بھی جن کے تئیں وہ کام کرے گا تاکہ برطانیہ کے قومی نصاب کی توقعات کو پورا کیا جا سکے۔

## ریسپشن میں آپ کے بچے سے کیا توقع کی جاتی ہے؟

ارلی ایئرز فاؤنڈیشن اسٹیج (EYFS) کا نصاب پڑھنے کے خاص ہدف پر مشتمل ہے جیسا کہ ذیل میں درج ہے:

"بچے آسان جملوں کو پڑھتے اور سمجھتے ہیں۔ وہ عام الفاظ کو سمجھنے کے لئے صوتی معلومات کا استعمال کرتے ہیں اور انہیں درست طریقے سے بلند آواز میں پڑھتے ہیں۔ وہ بعض عام غیر مانوس الفاظ کو بھی پڑھتے ہیں۔ وہ دوسروں سے اپنی پڑھی ہوئی چیزوں کے بارے میں بات کرتے وقت سمجھ کا مظاہرہ کرتے ہیں۔"

پڑھنے کے دیگر پہلو جنہیں ریسپشن میں دیکھا یا سیکھا جا سکتا ہے درج ذیل پر مشتمل ہو سکتے ہیں:

- ابتدائی آواز کو سننا اور لفظوں میں بولنا
- آسان الفاظ میں آواز کو بانٹنا اور انہیں ایک ساتھ ملانا
- الفاظ اور آسان جملوں کو پڑھنا شروع کرنا
- ذخیرۂ الفاظ اور بولنے کے ان صیغوں کو استعمال کرنا جو کہ بڑی حد تک کتابوں کے تجربے سے متاثر ہوتے ہیں
- کتابوں کی ایک بڑھتی ہوئی تعداد سے فائدہ اٹھانا
- یہ جاننا کہ کتابوں اور کمپیوٹرز سے معلومات حاصل کی جا سکتی ہیں.

## کلیدی مرحلہ 1 میں آپ کے بچے سے کیا توقع کی جاتی ہے؟

کلیدی مراحل 1 اور 2 (KS1 اور KS2) میں پڑھنے کا قومی نصاب دو چیزوں پر مرکوز ہے:

**لفظ پڑھنا** – طبع شدہ غیر مانوس الفاظ کا تلفظ (فہم) اور طبع شدہ مانوس الفاظ کی پہچان

**فہم** – افسانوی اور غیر انسانوی دونوں کہانیوں کو وسیع پیمانے پر پڑھنا تاکہ بچوں کو علم میں اضافہ کرنے اور انہیں خود کو اور اس دنیا کو سمجھنے میں مدد ملے جس میں وہ رہتے ہیں، اس کا مقصد مطالعہ کا جذبہ اور شوق پیدا کرنا نیز نصاب بھر کا علم حاصل کرنا ہے۔

ہدف یہ ہے کہ تمام بچے:

- ★ روانی اور اچھی سمجھ کے ساتھ بآسانی پڑھیں
- ★ وسیع پیمانے پر کی عادت کو فروغ دیں اور اکثر اوقات میں تفریح اور معلومات دونوں کے لئے پڑھیں
- ★ ایک وسیع ذخیرۂ الفاظ، قواعد کی تفہیم اور پڑھنے، لکھنے اور بولی جانے والی زبان کے لسانی کنونشن کا علم حاصل کریں
- ★ ہمارے وسیع اور متنوع ادبی ورثے کو سراہیں۔

## آپ کے بچے کا کب اور کیسے ٹیسٹ لیا جائے گا؟

### صوتیات کو پرکھنے کی جانچ

سال 1 کے اختتام پر، آپ کے بچے کو صوتیات کو پرکھنے کی جانچ سے گزرنا ہوگا۔ اس کو اس بات کا اندازہ لگانے کے لئے ڈیزائن کیا گیا ہے کہ آیا آپ کے بچے نے الفاظ کو پڑھنا سیکھ لیا ہے، نہ کہ الفاظ کے معانی کی سمجھ کا امتحان لینے کے لئے۔ بچوں کے لئے استاد کے سامنے بلند آواز سے 40 الفاظ کی ایک فہرست کو پڑھنا ضروری ہوگا۔ بیس حقیقی الفاظ جب کہ باقی غیر حقیقی (مصنوعی) الفاظ ہوں گے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ بچے پڑھتے وقت اپنی یادداشت کی بجائے اپنی صوتی مہارتوں کا استعمال کرتے ہیں۔

### قومی ٹیسٹ

سال 2 میں، KS1 کے اختتام پر، قومی ٹیسٹ ہر سال مئی کے پہلے مکمل تدریسی ہفتے کے دوران ہوتے ہیں. پڑھنے کے ٹیسٹ میں ایک پرچہ ہوتا ہے جو کہ ایک گھنٹہ تک چلتا ہے۔ آپ کے بچے سے تین مختلف عبارتیں (عام طور پر ایک فکشن، ایک نان فکشن اور ایک نظم) سے متعلق سوالات کے جوابات پوچھے جائیں گے۔ بعض سوالات کے جوابات خانوں میں صحیح کا نشان لگا کر، جب کہ دیگر سوالات میں مزید مفصل تحریری جوابات مطلوب ہوں گے۔ سوالات ذخیرۂ الفاظ اور سمجھ کے علم پر مرکوز ہوں گے، جن میں عبارت سے نتیجہ نکالنا بھی شامل ہوگا۔

# کتابوں کے بینڈز کیا ہیں؟

مطالعہ سے متعلق اکثر اسکیمیں کتابوں کے رنگین بینڈز استعمال کرتی ہیں تاکہ ان کی کتابوں کی سطح کا پتہ چل سکے۔ لیکن ان رنگوں کے کیا معنی ہیں؟ کیا ہوگا جب آپ کا بچہ زرد بینڈ پر ہو اور ان کے دوست سبز پر؟ آپ کے بچے کو اگلے بینڈ میں منتقل ہونے کے لئے تیار ہونے میں کتنا وقت لگے گا؟ کیا آپ کے بچے اس کی بجائے اپنے پسندیدہ رنگوں کو اختیار کر سکتے ہیں؟ کتابوں کے بینڈز شروع میں پریشان کن معلوم ہو سکتے ہیں تاہم یہ کتابوں کی درجہ بندی کا ایک عام نظام ہے جو کہ ان کتابوں کے مشکل سے پڑھنے کی سطح کے مطابق ہوتا ہے۔ آپ کا بچہ سب سے نچلی سطح (ارغوانی یا گلابی) پر کتابیں پڑھنا شروع کر سکتا ہے، اور اگلے بینڈ پر منتقل ہو سکتا ہے اگر اس کا استاد یہ محسوس کرتا ہے کہ وہ تیار ہے۔ الگ درجہ کی کتابیں استعمال کرنے سے بچوں کے اساتذہ اور والدین کو یہ جاننے میں مدد ملتی ہے کہ کون سی کتابیں بچے کے مطالعاتی سفر کے ہر مرحلہ پر زیادہ مناسب ہیں۔ یہ یاد رکھنا اہم ہے کہ یہ ختم کرنے کا کوئی دوڑ نہیں ہے، اور یہ کہ پڑھائی کامیابی کے ساتھ الفاظ کو پڑھنے کے قابل بننے کا نیز انہیں سمجھنے کا نام ہے۔



# رنگوں کا کیا مطلب ہے؟

| | |
|---|---|
| ارغوانی ۰ لیول | یہ کتابیں بغیر الفاظ کے ہیں اور بچوں کو مطالعہ کے لئے تیار کرنے کے لیے ان میں پوری طرح وضاحت کی گئی ہے ہیں۔ |
| شروع کرتے لیول 1A | گلابی A کے آسان جملوں کو پڑھنے کے لئے متعلمین لفظ پڑھنے کے اپنے ابتدائی ہنر کا استعمال ہر بائیں صفحہ پر ایک ایک جملہ ہے۔ ان ابتدائی لیول پر مواد زیادہ تر معروف تجربات پر مبنی ہیں۔ |
| گلابی B لیول 1B | گلابی A کے مشابہ، تاہم ہر صفحہ پر ایک جملہ ہے۔ |
| سرخ A لیول 2A | متعلمین قدرے طویل جملے سے نمٹنے کے لئے اپنے اعتماد کو بڑھا رہے ہیں۔ ان کتابوں میں ہر صفحہ پر 1-2 لائن کے جملے ہیں۔ |
| سرخ B لیول 2B | جہاں تک سرخ A کا سوال ہے، جملے ایک لائن سے زیادہ لمبے ہو سکتے ہیں۔ |
| زرد لیول 3 | جملے تھوڑے مزید پیچیدہ ہیں جن میں مزید کہانیوں والی لائنیں ہیں اور غیر افسانوی عبارتیں بھی۔ |
| نیلا لیول 4 | عبارت کی مقدار فی صفحہ بتدریج تقریبا چھ لائن بڑھتی ہے۔ کتابیں بعض الگ اصطلاحات پر مشتمل ہو سکتی ہیں اور غیر افسانوی نصوص کچھ ذیلی عنوانات پر مشتمل ہوں گے۔ |
| سبز لیول 5 | کہانیاں معروف تجربات پر کم مبنی ہیں اور مزید عمدہ ہنسی مذاق اور حیرت پر مشتمل ہیں واقعات اور کردار کی بڑی تعداد کبھی کبھی متعدد صفحات پر جاری رہتی ہے۔ |
| نارنگی لیول 6 | عبارت کا مطلب بالکل واضح ہے، تاہم قارئین کو اس قابل ہونا چاہئے کہ وہ لغوی وضاحت کے بغیر سمجھ سکیں۔ |
| فيروزي لیول 7 | کتابیں مزید طویل وضاحت پر مشتمل ہیں نیز وسیع طور پر اوقاف اور غیر معمولی ذخیرۂ الفاظ پر مشتمل ہیں۔ |
| جامنی لیول 8 | قارئین موضوعات کو سمجھ سکتے ہیں اور کتابوں میں مختصر ابواب ہو سکتے ہیں۔ قارئین کے لئے کردار سے متعلق سوالات کرنے اور جوابات دینے کے مزید مواقع ہیں۔ |
| سنہری لیول 9 | کتابیں مشکل جملے کی ساخت نیز ہر صفحہ پر مزید غیر معروف الفاظ پر مشتمل ہیں۔ کردار کچھ الگ ہیں اور انہیں سفید رنگ سے گول کر دیا گیا |
| ہے۔ لیول 10 | قارئین حیران ہو سکتے ہیں یا ان کی توقعات کو چیلنج کا سامنا ہو سکتا ہے۔ ایک سے زیادہ نقطۂ نظر پیش کیا جا سکتا ہے۔ |

# اپنے بچے کے ساتھ کیسے پڑھیں

ہو سکتا ہے آپ یہ جانتے ہوں کہ گھر پر مطالعہ کرنے کو سپورٹ کرنا اور اس کی حوصلہ افزائی کرنا واقعی اہم ہے، تاہم جب آپ کا بچہ ایک کتاب لے کر گھر آئے تو آپ کو اس وقت کیا کرنے کی ضرورت ہوگی اور آپ یہ کیسے پتہ کریں گے کہ استاد نے کہاں تک پڑھایا ہے؟ تفریح کے لئے پڑھائی میں کلیدی نتائج کا خلاصہ: ایک ادبی جائزہ (2016، نیشنل لٹریسی ٹرسٹ) یہ بتاتا ہے کہ آپ واقعی فرق پیدا کر سکتے ہیں۔

"والدین کے عقائد، رجحانات اور طرز عمل براہ راست اپنے بچوں کی تفریح کے لئے پڑھائی میں مدد کرتے ہیں اور یہ پڑھائی کے اعلی اسکور اور پڑھنے کی محرکات سے منسلک رہے ہیں۔

*تفریح کے لئے مطالعہ کرنا: ایک ادبی جائزہ (2016، نیشنل لٹریسی ٹرسٹ)*

ذیل میں اپنے بچے کے ساتھ مطالعہ کرتے وقت کامیابی کے پانچ قدم درج ہیں:

**1 ایک معمول بنائیں**

بیٹھنے کے لئے بالکل مناسب وقت تلاش کرنا اور ایک ساتھ مطالعہ کا مزہ لینا مشکل ہو سکتا ہے۔ اگر ہو سکے تو، ہر روز ایک ہی وقت پر ایک معمول بنائیں تاکہ آپ روز مرہ معمول کے مطابق مطالعہ کے سیشن پر پابندی سے قائم رہ سکیں۔ سوتے وقت ایک ساتھ مطالعہ کرنا ایک اچھی پسند ہو سکتا ہے، تاہم صبح سویرے یا اسکول کے بعد کے سیشن مزید کامیاب ہو سکتے ہیں اگر آپ کا بچہ شام میں کافی تھکا ہوا ہو۔

**2 تھوڑا اور اکثر پڑھنے کے لئے وقت نکالیں**

ایک ساتھ مطالعہ کرنے میں زیادہ وقت نہیں لگتا ہے، ایک روز میں صرف دس منٹ ایک مثبت اثر مرتب کرتا ہے۔ اگر آپ کا بچہ واقعی پڑھائی کے سیشن میں مشغول ہے، تو اسے اور آگے تک جاری رکھیں، لیکن اگر وہ اسکول میں مصروف دن کے بعد تھکے ہوئے ہوں (یا اگر آپ کام کرتے ہوئے ایک مصروف دن کے بعد تھکے ہوئے ہوں) تو معمول کو برقرار رکھنے کے لئے صرف چند صفحات ہی پڑھیں۔

**3 مطالعہ کا ماحول تیار کریں**

مطالعہ سیکھنا مشکل ہو سکتا ہے اور یہ مزید دشوار محسوس ہوتا ہے اگر گھر میں بہت زیادہ خلفشار ہو۔ ایک پر سکون جگہ تلاش کرنے کی کوشش کریں، جہاں ٹی وی، بچے یا پالتو جانوروں کی وجہ سے شور شرابہ نہ ہو۔ کافی روشنی والی ایک جگہ میں آرام دہ ہونے کے بارے میں بھی سوچیں۔ پر سکون محسوس کرنے سے آپ کے بچے کو اس تجربہ سے مزید لطف اندوز ہونے میں مدد ملے گی۔

4 پر سکون رہیں، پڑھائی میں مشغول رہیں اور اسے سپورٹ کریں

بیٹھیں اور یہ سوچیں کہ آیا آپ دونوں ایسی جگہ بیٹھے ہیں جہاں سے عبارت بآسانی دکھائی دیتی ہو اور یہ کہ آپ مطالعاتی سیشن کے دوران بقدر ضرورت سپورٹ کر سکتے ہیں۔ آپ کا اہم کردار لفظ کو پڑھنے/ فہم کی درستگی کو چیک کرنا ہے۔ Reading Planet کی کتابوں کے فرنٹ کور کے اندر کے نوٹس کا استعمال کریں تاکہ اس سے آپ کو اپنے بچے کے ساتھ عبارت کے بارے میں بات کرتے وقت اور مشمولات سے زیادہ فائدہ اٹھانے کے لئے عملی خیالات مل سکیں۔ یہ صفحات مشکل الفاظ کو اجاگر کرتے ہیں اور کتابوں کے پڑھنے سے پہلے، اس کے دوران اور بعد میں آپ کے بچے کے ساتھ مثالی سوالات بھی پیش کرتے ہیں تاکہ اس سے تفہیم کو فروغ دینے میں مدد مل سکے۔ پڑھنے کے لئے تیار مفید مشورے اور سرگرمیاں موجود ہیں جنہیں آپ آزما سکتے ہیں۔ یہ آسان سرگرمیاں اس بارے میں تازہ ترین تحقیق کے نتائج پر مبنی ہیں کہ بچے کس طرح سب سے زیادہ مؤثر انداز میں پڑھنا سیکھتے ہیں۔

5 پڑھنے کے بعد تعریف کریں

جب آپ کا بچہ پڑھ رہا ہو تو اس وقت حوصلہ افزائی کرنا اہم ہے، تاہم کم از کم ایک حصولیابی کے لئے کوشش کریں اور پڑھنے کے بعد اپنے بچے کی تعریف کریں (اگرچہ وہ سیشن بہت زیادہ کامیاب نہ رہا ہو)۔ یہ ایک مثبت نوٹ پر ختم ہوتا ہے اور آپ کے بچے کو اگلے سیشن پر مرکوز ہونے میں مدد کرتا ہے۔

## اگر انگریزی آپ کے گھر میں بولی جانے والی زبان نہیں ہے تو کیا کریں؟

ایسے کنبوں کے لئے جن کی پہلی مادری انگریزی نہیں ہے، اپنے بچوں کی پڑھائی کو سپورٹ کرنے کے لئے یہاں کچھ اضافی مشورے دیےجارہے ہیں:

- ★ جب آپ کا بچہ آپ کے سامنے انگریزی میں پڑھ چکے، تو اپنے گھر کی زبان میں کتاب سے متعلق بات کرنا کافی اہم ہے۔ آپ تصاویر، الفاظ کے معانی کے بارے میں بات کر سکتے ہیں نیز آپ کہانی کو دوبارہ بیان کر سکتے ہیں، یا کسی غیر افسانوی کتاب کے مشمولات کا خلاصہ پیش کر سکتے ہیں۔ اس سے آپ کے بچے کو اپنے ذخیرۂ الفاظ اور سمجھ کی مہارتوں کو فروغ دینے میں مدد ملے گی۔
- ★ اپنے بچے کی پڑھائی کی کتابوں کا آڈیو ورژن رکھنے کی کوشش کریں تاکہ وہ مطبوعہ الفاظ کو دیکھتے وقت پڑھی جانے والی عبارت کو سن سکیں۔ اس سے آپ کے بچے کے لئے تلفظ کا نمونہ فراہم ہوگا، نیز بآواز بلند پڑھتے وقت تعبیر اور آہنگ کا نمونہ بھی ملے گا۔
- ★ ایک اچھے معیار کی دو لسانی لغت استعمال کریں تاکہ آپ ان الفاظ کے معانی دیکھ سکیں جو آپ نہیں جانتے ہیں۔ تصویر والی لغات انگریزی میں نئے الفاظ کو سیکھنے میں آپ کے بچے کے لئے ایک مزیدار طریقہ ہے۔
- ★ اگر آپ ان آواز (اصوات) کے بارے میں پریقین نہیں ہیں جن میں آپ کے بچے کو پڑھایا جا رہا ہے، تو انٹرنیٹ پر بہت سارے صوتیاتی ویڈیو موجود ہیں جو ایک فائدہ مند حوالہ فراہم کر سکتے ہیں۔
- ★ اپنے بچے کے اسکول میں ہونے والے کسی بھی ورکشاپ کا پتہ لگائیں جسے EAL والدین کے لئے ڈیزائن کیا جاتا ہے۔

# بغیر الفاظ کی کتابوں سے نمٹنا

بغیر الفاظ، کیا ہیں؟ اگرچہ آپ اپنے بچے کے سامنے بغیر الفاظ کی کتاب نہیں پڑھ سکتے ہیں، تاہم آپ کہانیاں آپس میں شیئر کر سکتے ہیں اور ان سے لطف اندوز ہو سکتے ہیں، لہذا بغیر الفاظ کی کتب ترک نہیں کرنی چاہئیں۔ یہ کتب ارغوانی رنگ کے کتاب بینڈ میں آتی ہیں اور کسی بچے کے مطالعاتی سفر شروع ہونے کے پہلے کافی اہم قدم ہیں۔ Reading Planet کی ارغوانی کتب کو خاص طور پر آپ کے بچے کی گفتگو اور سننے کی مہارتوں کو مضبوط کرنے کے لئے نیز پڑھائی کے لئے تیاری کرنے کی غرض سے انہیں آواز کے مطابق کیا گیا ہے۔ عبارت کے اختلال کے بغیر، بچے کسی کہانی کو تصویروں کی ترجمانی کے ذریعہ اپنے الفاظ میں دوبارہ بیان کرنا سیکھتے ہیں۔

**میں اپنے بچے کے ساتھ بغیر الفاظ کی کتب سے کس طرح زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھا سکتا ہوں؟**

- ★ اپنے بچے کو سکھائیں کہ کتاب کو کیسے پکڑنا ہے اس پر نظر رکھیں کہ کس جانب یہ جاتی ہے، یہ دکھائیں کہ صفحات کس طرح پلٹتے ہیں، یہ دکھائیں کہ اپنے چہرے سے کس قدر دور کتاب کو پکڑنا ہے۔
- ★ کور کی تصویر کو پہلے دیکھیں اور سوچیں کہ اندر کیا ہو سکتا ہے۔ یہ جاننے کے لئے کہ کہانی کس بارے میں ہے بیک کور اور اشتہار کو دیکھیں۔ فرنٹ کور پر مصنف کا نام جاننے کے لئے 'مصنف کو جانیں' پلے کریں۔
- ★ اپنی طرح اپنے بچے کو بھی کتاب کے ہر صفحہ پر توجہ مرکوز کرنے کا حوصلہ دلائیں، ہو سکتا ہے شروع میں وہ 'چھوڑ کر آگے نکلنے' پر آمادہ ہوں کیونکہ وہاں کوئی بھی لفظ موجود نہیں ہے۔ انہیں یہ واضح طور سے بتائیں کہ ہم تصاویر کے بارے میں سوچ کر بغیر الفاظ کے بھی کسی کہانی کو پڑھ سکتے ہیں۔
- ★ کتاب کو دیکھتے وقت آپ کہانی کا پتہ لگانے کے بارے میں پرجوش رہیں۔ آپ چند چیزیں جیسے، پتہ نہیں آگے کیا ہوگا؟، اور واو، مجھے بڑی حیرانی ہوئی، کہہ کر اپنے بچے کو مصروف رکھنے کے لئے سسپنس پیدا کر سکتے ہیں۔
- ★ یہ دریافت کریں کہ آپ کا بچہ اس صفحہ پر کیا ہوتا دیکھ سکتا ہے (نتیجہ نکالنا)، ان کا کیا خیال ہے کہ آگے کیا ہوگا (پیشین گوئی)، انہیں کیوں لگتا ہے کہ ایسا ہوگا (منطق) اور یہ کہ ان کی اپنی زندگی سے اس کا کیا تعلق ہے (تطبیق)۔
- ★ *تھوڑا اور اونچے درجے کے* جملے کی ساخت کو تیار کرنے میں مدد کریں۔ اگر آپ کا بچہ *کہتا ہے، دیکھیں، کھیل رہا ہے!* آپ اس کے بعد یہ کہہ سکتے ہیں، *ہاں، دیکھو، وہ بچے ریت کی کھاں میں کھیل رہے ہیں۔*
- ★ آپ اپنے بچے کو "زبانی امتزاج" یعنی پڑھنے سے پہلے کی ایک ایسی مہارت جو کہ بچوں کو اسکول میں تلفظ کے ساتھ پڑھنے کے لئے تیار کرتی ہے، کے ساتھ سپورٹ کرنا شروع کر سکتے ہیں۔ تصویر میں سے ایک چیز کو منتخب کریں جیسے کوئی خیمہ۔ اپنے بچے کے سننے کے لئے آواز کو الفاظ میں دھیرے دھیرے کہیں جیسے t-e-n-t، پھر اپنے بچے کو مکمل لفظ tent کہنے میں ہمت دلائیں۔

# صوتیات کو سمجھنا

تلفظ کے بارے میں سنا ہے، لیکن پوری طرح علم نہیں کہ یہ اصل میں ہے کیا؟ یہ ایک ایسی چیز ہے جس کے بارے میں غالب گمان ہے آپ کے بچے کا استاد آپ کے بچے کو پڑھنا سکھانے کے لئے زیادہ تر استعمال کر رہا ہوگا، تاہم یہ کوئی ایسی چیز ہو سکتی ہے جسے آپ غیر مانوس خیال کریں۔

اصوات الفاظ کو کھولنے اور پڑھائی میں ترقی کرنے میں بچوں کو مدد دینے کا ایک مؤثر طریقہ ہے۔ جب ہم پڑھتے ہیں، تو ہم صفحہ پر حروف کو دیکھتے ہیں اور ہم وہ آواز ادا کرتے ہیں جن کی نمائندگی وہ حروف کرتے ہیں۔ پھر ہم ہر لفظ کو کسی معنی کے ساتھ جوڑتے ہیں تاکہ یہ سمجھ سکیں کہ عبارت ہم سے کیا کہہ رہی ہے۔ انگریزی میں ہمیں بولنےکی تقریبا 44 آوازیں ملتی ہیں تاہم حروف تہجی میں صرف 26 ہی حروف ہوتے ہیں، چنانچہ چند آوازیں دو، تین یا ایک ساتھ چار حروف کے ملانے سے پیدا ہوتی ہیں۔

ابتدائی قارئین کو ایک آواز کو صرف ایک ہی حرف کے ساتھ ملانا سکھایا جاتا ہے جیسے (s-a-t) تاکہ وہ آسان الفاظ کو پڑھ سکیں۔ پھر، بچے حروف اور آواز کو بانٹنا اور ملانا شروع کرتے ہیں تاکہ الفاظ کو سمجھ سکیں۔ اس کا مطلب ہے کہ جوں ہی وہ ان آواز کو بائیں سے دائیں طرف بولتے ہیں، وہ پورے الفاظ (جیسے sat) کو بول سکتے ہیں۔ جوں جوں بچے ترقی کرتے ہیں اور کتابیں مزید پیچیدہ ہوتی جاتی ہیں، آوازوں کو ایک سے زیادہ حروف میں پیش کیا جاتا ہے (جیسے **sh**op میں sh)، اور کبھی کبھی ایک حرف یا حروف کا مجموعہ مختلف آوازوں کو پیش کرتا ہے۔ (جیسے c**ow** میں ow اور l**ow** میں ow)۔ اصوات کا ہدف یہ ہے کہ بچے کسی لفظ کے ذریعہ حروف اور آواز کو اس قدر روانی کے ساتھ پہچان سکیں کہ لفظ کی پہچان خودکار ہو جائے۔ یہ یہیں ختم نہیں ہوتا ہے، کیوں کہ مزید پیچیدہ الفاظ اور کتابوں سے نمٹنے میں مدد حاصل کرنے کے لئے بچوں کو حروف کو بانٹنے اور ملانے کی مہارت کو برقرار رکھنے کی ضرورت ہوتی ہے۔

یہ یاد رکھنا اہم ہے کہ بچوں کو اس بات کی ضرورت ہوتی ہے کہ ان کی صورتی مہارت کو فہم وتفہیم کے ذریعہ سہارا ملے، لہذا بچوں کے لئے پڑھتے وقت بڑوں سے مفہوم اور معانی کے بارے میں بات کرنا فائدہ مند ہو سکتا ہے۔



# تفریح کے لئے پڑھنے کی حوصلہ افزائی کرنا

پڑھنے میں اچھا ہونے اور اسکول میں اچھے گریڈ حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ، یہ واقعی اہم ہے کہ آپ کا بچہ مطالعہ سے لطف اندوز ہوتا ہو۔ ذیل میں تفریح کے لئے مطالعہ میں آپ کے بچے کی حوصلہ افزائی کرنے کے تعلق سے چند انتہائی مفید مشورے دیےجارہے ہیں:

1 ایک اچھے رول ماڈل بنیں – آپ کے بچے آپ کو پڑھتا ہوا دیکھیں اور یہ کہ آپ اپنی پڑھائی سے لطف اندوز ہو رہے ہیں، تاکہ یہ باور کرا سکیں کہ گھر پر پڑھائی صرف ہوم ورک کے لئے ہی نہیں ہوتی ہے۔

2 اپنے بچے کی دلچسپی سے متعلق کتابیں انہیں فراہم کریں اور پڑھے جانے والے متعدد مواد گھر پر دستیاب رکھیں جن میں سے وہ اپنے وقت پر اپنی پسند کی کتابیں منتخب کر سکیں۔ اگر آپ کا بچہ کسی خاص کتاب یا طرز سے پریشانی محسوس کر رہا ہے، تو اسے کسی ایسے موضوع یا کردار تلاش کرنے میں مدد کریں جس سے اس کو دلچسپی ہے، اگرچہ اس کا مطلب میگزین یا مزاحیہ چیزیں ہی پڑھنا کیوں نہ ہو – گھر پر جتنا پڑھا جائے اتنا ہی بہتر ہوگا۔

3 ان کتابوں کے بارے میں بات کریں جو آپ کا بچہ پڑھ رہا ہے۔ اس سے ان کتابوں کے بارے میں سوالات کرنے میں مدد مل سکتی ہے تاکہ جوش وجذبہ اور فہم بڑھانے میں مدد حاصل ہو۔

4 اپنے بچے کے سامنے یہ ظاہر کریں کہ آپ ان کی کتابوں کے کرداروں اور کہانیوں میں دلچسپی رکھتے ہیں جس سے ان کرداروں کے بارے میں مزید پتہ لگانے کا جوش وجذبہ پیدا کرنے میں مدد ملے گی۔

5 اگرچہ آپ کا بچہ ایک قابل اور اچھا پڑھنے والا ہے، پھر بھی اس کے سامنے پڑھنا اچھی بات ہے۔ ایک ابتدائی عمر سے اپنے بچے کے سامنے پڑھنے سے پڑھنے کی ایک مثبت یادداشت پیدا کرنے میں مدد ملتی ہے، چنانچہ اپنے بچے کے سامنے مسلسل پڑھنا اہم ہے خاص طور پر سوتے وقت کی کہانیاں۔



6 مطالعاتی سیشن کے دوران، آپ کردار میں ڈھل جائیں اور مزاحیہ آواز نکالیں اگر ایسا کرنے سے آپ کے بچے کو اس کہانی سے لطف اندوز ہونے میں مدد ملتی ہے۔ آپ پورے دن کسی کردار کا روپ اختیار کرنے کی کوشش بھی کر سکتے ہیں۔

7 اگر مطالعاتی سیشن کے دوران، آپ دونوں نے کسی کتاب سے لطف اٹھایا، تو اسے دوبارہ پڑھنے سے نہ گھبرائیں۔ آپ ہر بار کچھ نئی چیز سیکھ سکتے ہیں۔

8 کتابوں پر نظر ڈال کر لطف اندوز ہوتے ہوئے کتاب کی دکانوں میں وقت گزاریں اور اپنے بچے کو ان کتابوں کو لینے دیں جنہیں وہ زیادہ پسندیدہ لگتی ہوں۔ کئی کتاب کی دکانوں میں زبردست ڈسپلے اور سجاوٹ ہوتی ہے جس سے بچوں کو پڑھائی میں مصروف ہونے میں مدد ملتی ہے۔

9 اپنی مقامی لائبریری میں آپ جایا کریں تاکہ آپ کا بچہ دیگر بچوں کے ساتھ دلچسپ سرگرمیوں میں شامل ہو سکے۔ اکثر اوقات میں لائبریریاں مصنف کی تقریبات پیش کرتی ہیں جو ایک مزیدار اور دلچسپ چیز ہو سکتی ہے۔

10 اپنی مقامی لائبریری میں آپ جایا کریں تاکہ آپ کا بچہ دیگر بچوں کے ساتھ دلچسپ سرگرمیوں میں شامل ہو سکے۔ اکثر اوقات میں لائبریریاں مصنف کی تقریبات پیش کرتی ہیں جو ایک مزیدار اور دلچسپ چیز ہو سکتی ہے۔

11 کتاب کی مشمولات سے منسلک ڈرائنگ، لکھنے اور گیم کھیلنے کی حوصلہ افزائی کریں۔ اس سے آپ کے بچے کو کہانیوں میں مصروف رہنے میں مدد ملتی ہے اور یہ پتہ چلتا ہے کہ پڑھنا سیکھنا صرف الفاظ کو زبان سے ادا کرنے کا نام نہیں ہے۔

12 'ایک ساتھ پڑھنے کے وقت' کو دن کا خاص وقت بنانے کی کوشش کریں، جہاں ایک دوسرے کی رفاقت سے آپ لطف اندوز ہوں۔ اس سے آپ کے بچے کو گھر پر پڑھنے کے منتظر ہونے میں مدد ملتی ہے۔ .

13 تھوڑا اور اکثر پڑھنا کبھی کبھی مکرر ہو سکتا ہے، چنانچہ تبدیلیوں کی حوصلہ افزائی کریں جیسے ہر روز گھر کے مختلف کمرے میں پڑھنا۔



# اپنے بچے کی پڑھائی کے ریکارڈ کو استعمال کرنا

آپ کا بچہ آپ کو پڑھائی کا ریکارڈ پیش کر سکتا ہے۔ اسے آپ کو اپنے بچے کے ساتھ گھر پر بھرنا ہے۔ خالی صفحات کو روز بھرنا پہلے پہل تھوڑا دقت طلب محسوس ہو سکتا ہے، لہذا یہاں ان تبصروں کی قسموں کے کچھ خیالات اور نمونے پیش کئے جا رہے ہیں جنہیں آپ لکھ سکتے ہیں:

**★ مثبت تعریف**

ستائشی تبصرے آپ کے بچے کو دکھائے جا سکتے ہیں اور جو کہ انہیں ان کی خود اعتمادی اور حوصلے کو بڑھانے میں مددگار ثابت ہوتے ہیں مثال کے طور پر، عمدہ توجہ، بین۔

**★ پیش رفت کا جائزہ لینا**

نئے ذخیرۂ الفاظ جو آپ کا بچہ پاتا ہے، اور اہم حصولیابیوں کا ایک ریکارڈ تیار کریں۔ مثال کے طور پر، ہیلن کو 'بسٹل' اور 'پونڈر' جیسے نئے الفاظ میں دلچسپی تھی– ہم نے ان کے معانی لغت میں چیک کیا یا امیلی کو فل سٹاپ پر رکنا یاد ہے۔

**★ استاد کے ساتھ بات چیت**

پڑھائی کے ریکارڈ میں مختصر نوٹ اپنے بچے کے استاد کے ساتھ گفتگو کرنے کا ایک مؤثر طریقہ ہے۔ مثال کے طور پر، راشیل نے صرف چند صفحات آج پڑھے ہیں کیوں کہ اس کی طبعیت ٹھیک نہیں لگ رہی تھی۔

**★ سوالات پوچھنا**

اسکول میں استاد کے ساتھ بحث کرنا ہمیشہ ممکن نہیں ہے، اس لئے پڑھائی کا ریکارڈ سوالات پوچھنے کا آسان طریقہ ہو سکتا ہے۔ مثال کے طور پر، گھونگھے سے متعلق کہانی میں ہمیں واقعی بہت مزہ آیا، کیا ہم اسے دوبارہ کر سکتے ہیں؟

**★ مشکل الفاظ تحریر کرنا**

اگر آپ کے بچے کو کوئی لفظ مشکل معلوم ہوتا ہو، تو ایک فہرست بنائیں اور پڑھائی کے ریکارڈ میں جب جب آپ لکھیں، اپنے بچے کے ساتھ ان الفاظ کو پڑھنے کی مشق کریں۔

**★ مختلف مہارتوں کا پتہ لگانا**

تکرار سے بچنا اور مختلف چیزیں لکھنے کے بارے میں سوچنا مشکل ہو سکتا ہے۔ مشکل الفاظ کے ساتھ ساتھ، روانی، درستگی، فہم، سکت، تعبیر، مصروفیت، ذخیرۂ الفاظ، قواعد اور رموز اوقاف پر تبصرہ کرنے کی کوشش کریں۔



# کمزور قارئین کی مدد کرنا

اگر آپ کو اس بات سے بے چینی ہے کہ آپ کا بچہ اپنی پڑھائی میں جد وجہد کر رہا ہے، تو آپ ذیل کے خیالات آزما سکتے ہیں:

★ اس چیز کا ملاحظہ کرنے اور عکاسی کرنے کی کوشش کریں جس میں آپ کا بچہ جد وجہد کر رہا ہے – کیا آپ کو لگتا ہے کہ اس کے اندر صوتی مہارت کی کوئی کمی ہے؟ فہم کی مہارت ؟یا یہ یادداشت کو برقرار رکھنے کا مسئلہ ہے؟

★ اپنی تشویشات کے بارے میں کلاس کے استاد سے بات کریں اور کسی بھی بے چینی کے بارے میں گفتکو کرنے کے لئے اپنے بچے کی پڑھائی کا ریکارڈ استعمال کریں.

★ یہ یاد رکھیں کہ پڑھنا سیکھنا عقل کی عکاسی نہیں ہے – یہ مہارتوں کے ایک خاص اور چیلنج کن مجموعے سے متعلق ہے، اس لئے اطمینان رکھیں کیوں کہ ان چیزوں کو سیکھنا راتوں رات نہیں ہوتا ہے.

★ اپنے بچے کے سامنے اس کی جد وجہد سے متعلق اپنی بے چینی یا جھلاہٹ کو ظاہر نہ کریں. . وہ ان چیزوں کو ذہن میں رکھ سکتے ہیں اور پریشان ہونا شروع ہو سکتے ہیں.

★ اگر آپ کا بچہ کسی خاص لفظ پر اٹک جاتا ہے، تو آپ اسے اس لفظ کو بتانے میں نہ ڈریں اور آگے بڑھتے چلیں.Reading Planet کی ہر کتاب کے فرنٹ کور کے اندر مشکل الفاظ کی ایک آسان سی فہرست موجود ہے.

★ حالات پر قابو پائیں – ایک ساتھ پڑھنا یا ہر ایک کا باری باری ایک صفحہ پڑھنا ٹھیک ہے.

★ مثبت طرز عمل اپنائیں- خوب تعریف اور حوصلہ افزائی کریں، خواہ کامیابی کے چھوٹے قدم کے لئے ہی کیوں نہ ہو.

★ اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کو اپنے بچے کے آپٹیشین اپوائنٹمنٹس کے بارے میں تازہ ترین معلومات حاصل ہیں – دیکھنے میں ہونے والی دقتیں کبھی کبھی دکھائی نہیں بھی دے سکتی ہیں جس کی وجہ سے پڑھنے کی مہارتیں متاثر ہو سکتی ہیں.

★ اگر آپ کو اس بات سے تشویش ہے کہ آپ کا بچہ مشکل سے پڑھ پاتا ہے، تو اپنے بچے کے استاد سے بات کریں اور ان سے صلاح لیں. مزید رہنمائی کے لئے www.bdadyslexia.org.uk دیکھیں.

★ جن مصنفین، یا مضامین میں آپ کا بچہ دلچسپی رکھتا ہو ان کے بارے میں پتہ لگانے میں مدد کر کے اپنے بچے کی پڑھنے میں حوصلہ افزائی کریں. مطالعے کے تجربہ سے متعلق مثبت رہنا اہم ہے. مطالعہ کی خوب تعریف کریں، اگرچہ آپ کے بچے نے اسکول میں پڑھائی جانے والی کتابوں کی بجائے میگزین یا عبارتیں پڑھی ہوں.

# مسائل کو حل کرنے سے متعلق مفید مشورے

**جس وقت ہم اسکول سے گھر آتے ہیں میری بچی چور چور ہو جاتی ہے – تو کیا واقعی مجھے اس کے ساتھ پڑھنے کی ضرورت ہے؟**

اسکول تھکا دینے والا ہو سکتا ہے اور بچوں کو کھیلنے کے لئے 'وقفہ' اور گھر پر آرام چاہئے ہوتا ہے۔ وہ پڑھائی سے لطف اندوز نہیں ہوگی اگر وہ بمشکل اپنی آنکھیں کھول پاتی ہے!کبھی کبھی صبح میں چند منٹوں تک پڑھنے کی کوشش کریں یا اسے ہفتہ کے اخیر کے معمول کا حصہ بنائیں – اصل چیز یہ ہے کم پڑھائی لیکن اکثر۔

**میں اکیلا باپ/ اکیلی ماں ہوں اور مجھے اپنے بیٹے کے ساتھ مصروف رہنے میں دقت پیش آتی ہے۔ مجھے خود ناولوں کے پڑھنے کا وقت نہیں مل پاتا ہے، تاہم میں ایک اچھا رول ماڈل بننا چاہتا ہوں۔ میں کیا کر سکتا ہوں؟**

ایک اچھے رول ماڈل بننے کے لئے آپ کو ایک ادیب بننے کی ضرورت نہیں ہے۔ اخبارات یا میگزین پڑھنے سے ہی آپ کے بچے کو لگ سکتا ہے کہ پڑھائی روز مرہ کے معمول کا ایک لطف اندوز حصہ ہو سکتا ہے۔ ایک ایسے مضمون کو تلاش کریں جس میں آپ دونوں لطف اندوز ہو سکتے ہوں اور اسے ایک ساتھ شیئر کر سکتے ہوں۔

**میری بچی ایک ہی کتاب بینڈ کی کتابوں میں اٹکی ہوئی ہے اور مجھے تشویش ہے کہ وہ کافی تیزی سے ترقی نہیں کر رہی ہے۔ ایک بینڈ کو پار کرنے میں کیا وقت لگنا چاہئے؟**

وقت کی مقدار متعین نہیں ہے، اس لئے اپنے بچے کی ترقی کو دوسرے بچے یا بھائی بہن کی ترقی سے موازنہ کرنے سے اجتناب کریں۔اگرچہ آپ کا بچہ اعتماد کے ساتھ پڑھ رہا ہے، ضروری ہے کہ وہ الفاظ کو پڑھنے کے قابل ہونے کے ساتھ ساتھ ان کتابوں کو سمجھ سکے۔ اس کا مقصد کسی کتاب بینڈ میں ہر کتاب کو ختم کرنا ہی نہیں، بلکہ کہانیوں اور عبارت کو سمجھنا بھی ہے۔ اپنے بچے کے استاد کے فیصلہ پر بھروسہ کریں – وہ ہر بچہ کی پیش رفت کو چیک کر رہے ہوں گے اور وہ جان لیں گے آپ کی بچی کے لئے مزید مشکل کتابوں پر منتقل ہونے کا وقت کب آئے گا۔

**ایسا لگتا ہے کہ میرا بچہ عبارت کے ساتھ ریس لگا رہا ہے اور الفاظ کا اندازہ کر کے بہت ساری غلطیاں کرتا ہے۔ مجھے کیا کرنا چاہئے؟**

آپ کو صاف گو ہونا چاہئے اور اپنے بچے کو رفتار دھیمی کرنے کے لئے کہنا چاہئے۔ یہ واضح کریں کہ الفاظ کو درستگی کے ساتھ پڑھنا کتنا اہم ہے۔ اگر وہ الفاظ کے ساتھ ریس لگا رہے ہوں، انداز سے پڑھ رہے ہوں اور غلطیاں کر رہے ہوں، تو کیا وہ عبارت کے مشمولات کو سمجھتے ہیں؟ الفاظ کو پڑھنے کے قابل ہونا اور ان کے معانی کو سمجھنا اہم ہے۔

# مزید پڑھنا

مزید پڑھنا اپنے بچے کے اندر پڑھائی کا شوق پیدا کرنے میں مدد کریں: *A Parent's Guide,* Alison David (Egmont, 2014)

*تفریح کے لئے مطالعہ کرنا: ایک ادبی جائزہ* (نیشنل لٹریسی ٹرسٹ، 2016)

CLPE ریڈنگ اسکیلز
www.clpe.org.uk/library-and-resources/reading-and-writing-scales

کوونٹری یونیورسٹی – بولی کے آہنگ کی حساسیت سے متعلق تحقیق
www.coventry.ac.uk/research/areas-of-research/psychology-behaviour-achievement/literacy-research/

ڈپارٹمنٹ فار ایجوکیشن – قومی نصاب کے جائزے: 2016 نمونہ کے مواد
www.gov.uk/government/collections/national-curriculum-assessments-2016-sample-materials

ڈپارٹمنٹ فار ایجوکیشن – برطانیہ کا قومی نصاب: مطالعے کے انگریزی پروگرام
www.gov.uk/government/publications/national-curriculum-in-england-english-programmes-of-study

تفریح کے لئے پڑھنا
www.literacytrust.org.uk/research/nlt_research/271_reading_for_pleasure_a_research_overview

*Reading Planet*
www.risingstarsreadingplanet.com

*دی سنٹر فار لٹریسی ان پرائمری ایجوکیشن (CLPE)*
*www.clpe.org.uk*

*نیشنل لٹریسی ٹرسٹ*
*www.literacytrust.org.uk*

Rising Stars
Reading Planet

کے ذریعے اعتماد کے ساتھ مطالعہ کرنے والا بنانے
میں اپنے بچے کی مدد کیجئے۔

## Rocket Phonics




مکمل طور پر قابل
کتب

## Lift-off




بغیر الفاظ کے
کتب

## Galaxy




مطالعے کے
لئے

## COMET STREET KIDS




مطالعے کیلئے
کہانیاں

پر مزید رہنمائی اور مفت مدد حاصل کریں
risingstarsreadingplanet.com/parents

RISING STARS

مزید معلومات کیلئے برائے کرم پر فون کریں 01235 400555
www.risingstars-uk.com